Reg: No : W 104

Name :

**DIET WAYANAD**
**SSLC PRE-MODEL EXAMINATION MARCH 2022**
**URDU**

TIME: 1½ Hours    First Language – Paper 1    Max. Score: 40

പൊതു നിർദ്ദേശങ്ങൾ

* ആദ്യത്തെ 15 മിനിട്ട് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കാനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
* ചോദ്യങ്ങൾ 5 പാർട്ടുകളായിട്ടാണ് നൽകിയിരിക്കുന്നത്. അതത് പാർട്ടിൽ നൽകിയ നിർദ്ദേശങ്ങൾ അനുസരിച്ച് മാത്രം ഉത്തരം എഴുതുക.
* ഓരോ ചോദ്യത്തിന് നേരെയും സ്കോർ നൽകിയിട്ടുണ്ട്. സ്കോറിനനുസരിച്ച് ഉത്തരം എഴുതുക.

## PART I

**A** 1سے 6 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب لکھیے۔ **4X1=4**

1 മുതൽ 6 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരം എഴുതുക

1 ٬ستاتی ہے مفلسی' نظم کا شاعر کون ہے؟ 1
(ندا فاضلی، نظیر اکبر آبادی، سدرشن فاخر)

2 امرتا دیوی' کس کہانی کا کردار ہے؟٬ 1
(کابلی والا، کھجری کے سائے میں، انڈا ہے یا دانہ)

3 پھول والوں کی سیر' کہاں کا میلا ہے؟ 1
(دہلی کا، حیدر آباد کا، کوچی کا)

4 صحیح جملہ چن کر لکھیے۔ 1
(a) ساجن کالج میں پڑھ رہی ہے۔
(b) ساجن کالج میں پڑھ رہا ہے۔
(c) ساجن کالج میں پڑھ رہی ہوں۔

5 کابلی والا' کس کی کہانی ہے؟ 1
(رابندر ناتھ ٹیگور، منشی پریم، لیوٹالسٹائے)

6 ٬عالمی یومِ یوگا' کب منایا جاتا ہے؟ 1
(۱۵/اگست، ۲۱/جون، ۹/نومبر)

**B** 7 سے 9 تک کے تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہے۔ **3X1=3**

7 മുതൽ 9 വരെയുള്ള എല്ലാ ചോദ്യങ്ങൾക്കും ഉത്തരം എഴുതുക.

7 کسان 'شنکر' کس کہانی کا کردار ہے؟ 1
(سواسیر گیہوں، کھجری کے سائے میں، انڈا ہے یا دانہ)

8 فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں 1
مگر مصروف ہیں بیچارے دہکان ہل چلانے میں
بچو، اس شعر میں لفظ 'دہکان' سے کون مراد ہے؟
(ڈاکٹر، وکیل، کسان)

9 گروہ سے نامناسب لفظ چن کر لکھیے۔ (کہانی، غزل، ڈراما) 1

## PART II

**A** .سوال کا جواب لکھیے۔. ചുവടെ നൽകിയിരിക്കുന്ന ചോദ്യത്തിന് ഉത്തരം എഴുതുക. **1X2=2**

10 نامناسب لفظ چن کر گروہ پورا کیجیے۔ (نظم، آپ بیتی، ڈراما) 2

| | | | |
|---|---|---|---|
| a | عقلمند مچھیرا | ................... | مچھیرا |
| b | محنت رنگ لائی | ................... | لکشمی |

**B** 11 سے 12 تک کے سوالوں سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔ **1X2=2**

11 മുതൽ 12 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും ഒന്നിന് ഉത്തരം എഴുതുക

11 نیچے چند ادیبوں کے نام دیے گئے ہیں۔ 2
ان میں سے دو کہانی نگاروں کے نام چن کر لکھیے۔
( منشی پریم چند، علی سردار جعفری، شکیل بدایونی، لیوٹالسٹائی)

12 اشعار غور سے پڑھیے-ان میں سے حبِّ وطن پر لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔ 2

(a) اپنی آزادی کو ہم ہر گز مٹا سکتے نہیں
سر کٹا سکتے ہیں لیکن سر جھکا سکتے نہیں

(b) ان ہاتھوں کی تعظیم کرو ان ہاتھوں کی تکریم کرو
دنیا کے چلانے والے ہیں ان ہاتھوں کو تسلیم کرو

(c) دل ہی تو ہے نہ سنگ و خشت درد سے بھر نہ آئے کیوں؟
روئیں گے ہم ہزار بار، کوئی ہمیں ستائے کیوں؟

## PART III

**A** 13سے 16 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔ **3X3=9**

13 മുതൽ 16 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരം എഴുതുക


13 بیماروں کے بستر پر سوتا تھا خدا اس کا 3
لاچاروں کے چہروں سے روتا تھا خدا اس کا
(a) یہ شعر کا شاعر کون ہے؟
(b) بچو، مدر تریسا کے بارے میں شاعر کیا کیا کہتے ہیں؟۔ تین جملے لکھیے۔

14 گووندا ایک محنتی کسان ہے۔ وہ بڑھاپے میں بھی کھیتی باڑی کرتے ہیں۔ 3
بچو، کسان گووند سے پوچھنے کے لیے تین سوالات تیار کیجیے۔

15 'کابلی والا' رابندر ناتھ ٹیگور کی مشہور کہانی ہے۔ 3
(a) بچو، اس کہانی کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔
(b) پسندیدہ کسی ایک کردار پر تین جملے لکھیے۔

16 کھجری گاؤں والوں نے پیڑ کاٹنے خلاف جلوس نکلنے کا فیصلہ کیا ہے۔ 3
بچو، پیڑ کاٹنے کے خلاف تین نعرے تیار کیجیے۔

جیسے:




**B** نیچے دیئے سوال کا جواب لکھیے۔ ചുവടെ നൽകിയ ചോദ്യത്തിന് ഉത്തരം എഴുതുക **1X3=3**

3

17 ان ہاتھوں کی تعظیم کرو ان ہاتھوں کی تکریم کرو
دنیا کے چلانے والے ہیں ان ہاتھوں کو تسلیم کرو
دنیا کی ترقی میں مزدوروں کا بڑا ہاتھ ہے۔ وہ دنیا کو چلانے والے ہیں۔
بچو، اس شعر کی روشنی میں محنت مزدوری کی اہمیت کے بارے میں اپنے خیالات لکھیے۔

## PART IV

**A** — 18سے20 تک کے سوالوں سے کسی دو کے جواب لکھیے۔ **2X4=8**

18 മുതൽ 20 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 2 എണ്ണത്തിന് ഉത്തരം എഴുതുക

18 ہندوستان میں کئی طرح کے تہوار منائے جاتے ہیں۔ ہر ایک تہوار ہمارے دیس کی تہذیب اور بھائی چارگی کا اعلیٰ نمونہ ہے۔ 4

(a)بچو، ہمارے دیس کے دو تہواروں کے نام لکھیے۔

(b)پسندیدہ ایک تہوار پر چار جملے لکھیے۔

19 بیس سال کے بعد ظفر علی بیٹے عرفان کے ساتھ اپنے گاؤں دیکھنے آئے۔ گاؤں کا منظر بالکل بدل چکا تھا۔ گاؤں سے پرانی دوست گوپال سے ملا۔ 4

ظفر علی : ارے گوپال! آپ کیسے ہیں؟

گوپال : ............................

بچو، ظفر علی اور گوپال کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

20 4

نہ دنیا کا غم تھا نہ رشتوں کا بندھن
بڑی خوبصورت تھی وہ زندگانی

اس شعر میں سدرشن فاخر بچپن کی خوبصورتی کو دلکش انداز میں پیش کیا ہے۔

بچو، بچپن کے بارے میں شاعر اور کیا کیا بیان کیا ہے۔ شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

**B** — 21سے22 تک کے سوالوں سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔ **1X4=4**

21 മുതൽ 22 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും ഒരെണ്ണത്തിന് ഉത്തരം എഴുതുക

21 آج کل کسان لوگ کئی طرح کے مسائل سے گزرتے ہیں۔ 4

موسم کی تبدیلیاں، پانی کی کمی،.....

بچو، کسانوں کی مسائل کیا کیا ہے؟۔ نوٹ لکھیے۔

22 عبارت پڑھ کر اشاروں کی مدد سے چار سوالات تیار کیجیے۔ 4

بی امّاں علی برادران کی ماں اور ہندوستان کی بہادور خاتون تھیں۔ وہ جنگِ آزادی میں اپنے بیٹوں کے ساتھ خود شریک رہیں۔ ۱۹۲۱ء کو احمد آباد کے آل انڈیا لیڈیز کانفرنس (Ladies Conference) میں بی امّاں کی صدارتی خطبہ تاریخ میں سنہرے حروفوں میں لکھے جانے کے قابل ہیں۔

اشارے: (کہاں، کون، کب، کیوں)

## PART V

**1X5=5** ‏23 سے 24 تک کے سوالوں سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔ **A**

23 മുതൽ 24 വരെയുള്ള ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും ഒരെണ്ണത്തിന് ഉത്തരം എഴുതുക

5 اشاروں کی مدد سے نظیر اکبر آبادی کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 23

**نظیر اکبر آبادی**

| | | |
|---|---|---|
| اصلی نام | : | ولی محمد |
| پیدائش | : | ۱۷۴۰ء، دہلی میں |
| شہرت | : | عوامی شاعر |
| مشہور نظمیں | : | برسات، ہولی، دیوالی، روٹی نامہ |
| انتقال | : | ۱۸۳۰ء آگرہ میں |

5 یومِ جمہوریہ کے پریڈ میں شرکت کرنے کے بعد نہال احمد گھر واپس آیا۔ وہ دہلی سفر کے تجربات ڈائری میں لکھنا چاہتا ہے۔ 24

بچو، نہال احمد اپنے سفر کے بارے کیا کیا لکھا ہوگا؟ ڈائری نوٹ تیار کیجیے۔